ہمسفر میرج کونسلنگ سیل

# HUMSAFAR

## MARRIAGE COUNSELLING CELL

## MEDIA REFLECTIONS

**APRIL-2013**

**Prepared By**
**Jenab Eishan Ahmad Dar**
**Media Consultant**
**Humsafar Marriage Counselling Cell**

# KASHMIR UZMA 15 APRIL 2013

Kashmir Uzma (15/APRIL/2013)

## شادی بیاہ کی بُری رسومات کا قلع قمع کرنے میں

## ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا رول بہت ہی قابل تحسین

## ھمسفر ریڈیو پرو گرام سماج کے لئے کافی مفید پرو گرام ھے

شادی بیاہ کو سنت اور سادگی کے ساتھ انجام دینے پر اور لوگوں کو اِسراف اور بُری رسومات چھوڑنے پر آمادہ کرنے کے لئے ادارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر جو شاندار کام انجام دے رہا ہے، وہ بہت ہی قابل تحسین اور قابل تقلید کام ہے۔ شادی بیاہ کے موقع پر انجام دی جانے والی بُری رسومات نے معاشرے کو بہت زیادہ نقصان پہنچادیا۔ وادی کشمیر میں اس پر اِصلاحی کام کرنے کی اَشد ضرورت تھی۔ معاشرے کی بہتری کے لئے یہ اہم ترین کام جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے شروع کردیا۔ اس کام کی برکت سے اب بہت سارے والدین اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سادہ طریقہ پر انجام دینے کے لئے خوشی خوشی تیار ہورہے ہیں۔ راقم الحروف مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں، دینی جماعتوں اور فلاحی اداروں سے وابستہ حضرات سے گزارش کرتا ہے کہ وہ ہمسفر ادارہ کی طرف سے چلائے جانے والے اصلاح معاشرہ کے اس کام میں ہمسفر ادارے کو اپنا تعاون پیش کریں۔

ہمسفر ادارے کا مقبول عام اور ہردلعزیز ریڈیو پروگرام جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8:30 بجے براڈکاسٹ ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔ اس میں ایک طرف جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب شادیوں کو سادہ طریقہ پر انجام دینے کی لوگوں کو تلقین کرتے ہیں، دوسری طرف اس پروگرام میں وہ سماج کو جرائم سے باز رکھنے اور لوگوں کا اخلاقی معیار بلند کرنے کی خاطر موٴثر نصیحت آموز کلام بیان فرماتے ہیں۔ جس کی وجہ سے اس پروگرام کے سامعین اور شائقین کی تعداد لاکھوں میں ہے۔ اب بہت سارے لوگوں کو کاروبار اور ملازمت کے سلسلے میں صبح سویرے ہی اپنے گھروں سے نکلنا پڑتا ہے، جس کی وجہ سے وہ ہمسفر جیسے مفید پروگرام کے سننے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ اس لئے ریڈیو کشمیر سرینگر کے حکام سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ہمسفر پروگرام کو ہفتے میں دوسری بار رات کے ساڑھے نو بجے بھی نشر کیا جائے۔


منجانب: غلام مصطفی شاھین

پرنسپل: اقبال میموریل انسٹی چیوٹ۔ اسلام آباد (اننت ناگ) کشمیر

بذریعہ: محمد امین نجار (سماجی کارکن)　　فون نمبر: 919906407924+

**GREATER KASHMIR 15 APRIL 2013**

## شادی بیاہ کی بُری رسومات کا قلع قمع کرنے میں

# ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کا رول بہت ہی قابل تحسین

### ہمسفر ریڈیو پروگرام سماج کے لئے کافی مفید پروگرام ہے

شادی بیاہ کو سنت اور سادگی کے ساتھ انجام دینے پر اور لوگوں کو اِسراف اور بُری رسومات چھوڑنے پر آمادہ کرنے کے لئے ادارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر جو شاندار کام انجام دے رہا ہے، وہ بہت ہی قابل تحسین اور قابل تقلید کام ہے۔شادی بیاہ کے موقع پر انجام دی جانے والی بُری رسومات نے معاشرے کو بہت زیادہ نقصان پہنچادیا۔وادی کشمیر میں اس پر اِصلاحی کام کرنے کی اَشد ضرورت تھی۔معاشرے کی بہتری کے لئے یہ اہم ترین کام جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب نے شروع کردیا۔اس کام کی برکت سے اب بہت سارے والدین اپنی اولاد کے نکاح اور شادیاں سادہ طریقہ پر انجام دینے کے لئے خوشی خوشی تیار ہورہے ہیں۔راقم الحروف مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں، دینی جماعتوں اور فلاحی اداروں سے وابستہ حضرات سے گزارش کرتا ہے کہ وہ ہمسفر ادارہ کی طرف سے چلائے جانے والے اصلاح معاشرہ کے اس کام میں ہمسفر ادارے کو اپنا تعاون پیش کریں۔

ہمسفر ادارے کا مقبول عام اور ہر دلعزیز ریڈیو پروگرام جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8:30 بجے براڈکاسٹ ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔اس میں ایک طرف جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب شادیوں کو سادہ طریقہ پر انجام دینے کی لوگوں کو تلقین کرتے ہیں، دوسری طرف اس پروگرام میں وہ سماج کو جرائم سے باز رکھنے اور لوگوں کا اخلاقی معیار بلند کرنے کی خاطر مؤثر نصیحت آموز کلام بیان فرماتے ہیں۔جس کی وجہ سے اس پروگرام کے سامعین اور شائقین کی تعداد لاکھوں میں ہے۔اب بہت سارے لوگوں کو کاروبار اور ملازمت کے سلسلے میں صبح سویرے ہی اپنے گھروں سے نکلنا پڑتا ہے، جس کی وجہ سے وہ ہمسفر جیسے مفید پروگرام کے سننے سے محروم رہ جاتے ہیں۔اس لئے ریڈیو کشمیر سرینگر کے حکام سے یہ مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ہمسفر پروگرام کو ہفتے میں دوسری بار رات کے ساڑھے نو بجے بھی نشر کیا جائے۔


منجانب: غلام مصطفیٰ شاہین

پرنسپل: اقبال میموریل انسٹی چیوٹ۔اسلام آباد (اننت ناگ) کشمیر۔

بذریعہ: محمد امین نجار (سماجی کارکن)

فون نمبر: +919906407924


Greater Kashmir (15/APRIL/2013)

# AFTAB 17 APRIL 2013

## بے راہ روی کی ایک بڑی وجہ: شادیوں میں اسراف اور بُری رسومات

## لوگ ہمسفر کے طرز پر اِصلاحی اِدارے قائم کریں: مولوی مبارک احمد

اسلام آباد: مؤرخہ بارہ اپریل 2013ء کو مسجد شریف رحت دیدی واقع لال چوک اسلام باد میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں عبدالحمید خان کے بیٹے جناب مظفر احمد خان صاحب ساکن نیو قاضی باغ اسلام آباد کا نکاح مسمات کوثر جان صاحبہ دختر علی محمد گنائی ساکنہ چھی اسلام آباد کے ساتھ انجام دیا گیا۔ خطبۂ نکاح اور ایجاب وقبول کے فرائض مسجد شریف رحت دیدی کے امام وخطیب مولوی مبارک احمد شیخ صاحب نے انجام دئے۔ نکاح مجلس میں اپنے بیان میں مولوی مبارک احمد صاحب نے فرمایا کہ بے راہ روی جو سماج کے لئے انتہائی تشویش ناک بات ہے، اس کی ایک بڑی وجہ شادیوں میں بُری رسومات اور اِسراف ہے۔ جناب مبارک صاحب نے میڈیا کی وساطت سے لوگوں تک یہ پیغام پہنچانے کی تاکید کی کہ بے راہ روی پر قابو پانے کے لئے اِس وقت ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے طرز پر وادی کشمیر میں اِصلاحی ادارے قائم کرنے کی اَشد ضرورت ہے، جو لوگوں کو بغیر کسی رکاوٹ اور دشواری کے شریعت کے مطابق آسان نکاح اور سادہ شادی سے متعلق تعلیم وتربیت دیا کریں گے۔ پھر اُن کے نکاح کے لئے رسائی اور رہنمائی فراہم کیا کریں گے۔ جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی عمر میں اللہ تعالیٰ برکت عطا فرمائے، اور آخرت میں انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، جنہوں نے معاشرے کی بہتری کے لئے اس اہم اور نیک کام کی شروعات کر کے پھر گھر گھر تک اس اصلاحی عمل کو پہنچانے کے لئے ریڈیو کشمیر سرینگر پر ہمسفر جیسا سماج کے لئے بہت ہی مفید پروگرام شروع کر دیا۔ یہ ریڈیو پروگرام ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے براڈ کاسٹ ہوتا ہے، اور اس ہر دلعزیز پروگرام کے پرڈیوسر وڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔ اس ریڈیو پروگرام کی برکت سے آج کثیر تعداد میں نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اِسراف اور بُری رسومات کے بغیر شادی انجام دینے پر خوشی خوشی تیار ہو رہے ہیں۔ جناب مبارک احمد شیخ صاحب نے کولگام اور اسلام آباد اضلاع میں رہنے والے لوگوں سے گزارش کی، کہ وہ اِسراف اور بُری رسومات سے بچنے کے لئے اپنی اولاد کے نکاح اور شادیوں کے لئے اِسلامک میرج کونسلنگ سیل واقع نزدیک مسجد شریف رحت دیدی لال چوک اسلام آباد میں رجسٹریشن کرائیں۔


جاری کردہ: اِسلامک میرج کونسلنگ سیل نزدیک رحت دیدی مسجد شریف لال چوک اسلام آباد کشمیر

فون نمبر +919906407924


Aftab (17/APRIL/2013)

# KASHMIR UZMA 17 APRIL 2013

## بے راہ روی کی ایک بڑی وجہ: شادیوں میں اسراف اور بُری رسومات

## لوگ ہمسفر کے طرز پر اصلاحی ادارے قائم کریں: مولوی مبارک احمد

اسلام آباد: مؤرخہ بارہ اپریل 2013ء کو مسجد شریف رحت دیدی واقع لال چوک اسلام باد میں ایک نکاح مجلس کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں عبدالحمید خان کے بیٹے جناب مظفر احمد خان صاحب ساکن نیو قاضی باغ اسلام آباد کا نکاح مسمات کوثر جان صاحبہ دختر علی محمد گنائی ساکنہ چھبی اسلام آباد کے ساتھ انجام دیا گیا۔ خطبۂ نکاح اور ایجاب وقبول کے فرائض مسجد شریف رحت دیدی کے امام وخطیب مولوی مبارک احمد شیخ صاحب نے انجام دئے۔ نکاح مجلس میں اپنے بیان میں مولوی مبارک احمد صاحب نے فرمایا کہ بے راہ روی جو سماج کے لئے انتہائی تشویش ناک بات ہے، اس کی ایک بڑی وجہ شادیوں میں بُری رسومات اور اِسراف ہے۔ جناب مبارک صاحب نے میڈیا کی وساطت سے لوگوں تک یہ پیغام پہنچانے کی تاکید کی کہ بے راہ روی پر قابو پانے کے لئے اِس وقت ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کے طرز پر وادی کشمیر میں اِصلاحی ادارے قائم کرنے کی اَشد ضرورت ہے، جو لوگوں کو بغیر کسی رکاوٹ اور دشواری کے شریعت کے مطابق آسان نکاح اور سادہ شادی سے متعلق تعلیم وتربیت دیا کریں گے۔ پھر اُن کے نکاح کے لئے رسائی اور رہنمائی فراہم کیا کریں گے۔

جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی عمر میں اللہ تعالٰی برکت عطا فرمائے، اور آخرت میں انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے، جنہوں نے معاشرے کی بہتری کے لئے اس اہم اور نیک کام کی شروعات کر کے پھر گھر گھر تک اس اصلاحی عمل کو پہنچانے کے لئے ریڈیو کشمیر سرینگر پر ہمسفر جیسا سماج کے لئے بہت ہی مفید پروگرام شروع کر دیا۔ یہ ریڈیو پروگرام ہر جمعہ کو صبح کے 8:30 بجے براڈ کاسٹ ہوتا ہے، اور اس ہردلعزیز پروگرام کے پرڈیوسر وڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب ہیں۔ اس ریڈیو پروگرام کی برکت سے آج کثیر تعداد میں نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اِسراف اور بُری رسومات کے بغیر شادی انجام دینے پر خوشی خوشی تیار ہو رہے ہیں۔

جناب مبارک احمد شیخ صاحب نے کولگام اور اسلام آباد اَضلاع میں رہنے والے لوگوں سے گزارش کی، کہ وہ اِسراف اور بُری رسومات سے بچنے کے لئے اپنی اولاد کے نکاح اور شادیوں کے لئے اِسلامک میرج کونسلنگ سیل واقع نزدیک مسجد شریف رحت دیدی لال چوک اسلام آباد میں رجسٹریشن کرائیں۔

**جاری کردہ: اِسلامک میرج کونسلنگ سیل**

**نزدیک رحت دیدی مسجد شریف لال چوک اسلام آباد کشمیر**

فون نمبر: 919906407924+

Kashmir Uzma (17/April/2013)

**GREATER KASHMIR 18 APRIL 2013**

## ہمسفر ریڈیو پروگرام

# مضمون نویسی کا مقابلہ: نتائج کا اعلان

# (RESULT)

شادی بیاہ میں جہیز کا مطالبہ (Dowry Demand) جیسے غیر شرعی اور غیر قانونی کام کے بارے میں جو گفتگو ہمسفر ریڈیو پروگرام کے شمارے میں 29 مارچ جمعۃ المبارک 2013ء کو جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ریڈیو کشمیر سرینگر پر صبح کے 8:30 بجے فرمائی، اس پر وادی کشمیر کی لڑکیوں اور خواتین کو مضمون (Essay) لکھنے کی دعوت دی گئی تھی۔ اس سلسلے میں ادارے کو چونتیس (34) مضامین موصول ہوئے، ان کے نتائج (Result) کی تفصیل مندرجہ ذیل شائع کی جاتی ہے:

1۔ محترمہ عارفت ناز صاحبہ — پہلی پوزیشن (First position)
اہلیہ: جناب ارشد الاسلام صاحب۔ سکونت: گلشن نگر بائی پاس سرینگر

2۔ محترمہ فاطمہ یوسف ہارو صاحبہ — دوسری پوزیشن (Second position)
سکونت: باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر

3۔ محترمہ عصمت ایوب پرے صاحبہ — تیسری پوزیشن (Third position)
سکونت: ہاری پاریگام ترال پلوامہ کشمیر

4۔ محترمہ سمیہ ایوب لون صاحبہ — چوتھی پوزیشن (Fourth position)
سکونت: نعلبند پورہ صفا کدل سرینگر

5۔ محترمہ حمیراء جمیلہ صاحبہ — پانچویں پوزیشن (Fifth position)
سکونت: سرینگر

6۔ محترمہ اَمۃُ السمیع میر صاحبہ، عیدگاہ سرینگر 7۔ محترمہ ریحانہ جمیلہ صاحبہ، اِسلام یارہ بل مجاہد منزل سرینگر 8۔ محترمہ بسمار شید پرے صاحبہ، گرین ہاؤس کالونی لاوے پورہ سرینگر 9۔ محترمہ رفیقہ عزیز صاحبہ، داناواری چھتہ بل سرینگر 10۔ محترمہ اُمامہ فاروق نجار صاحبہ، دریش کدل صفا کدل سرینگر 11۔ محترمہ عشرت بشیر کھنڈو وصاحبہ، شیخ العالم کالونی کاوڈارہ سرینگر 12۔ محترمہ شاذیہ شفیع صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 13۔ محترمہ عفیفہ خان صاحبہ، محترمہ آمنہ بشیر صاحبہ، محترمہ شائستہ خان صاحبہ، محترمہ حمیراء جان صاحبہ اور محترمہ میبرا خان صاحبہ، پرے محلہ لاوے پورہ سرینگر 14۔ محترمہ میمونہ اختر صاحبہ، زوجہ: عبدالحمید شگن، سکھ باغ لال بازار سرینگر 15۔ محترمہ اُم اَیمن نذیر صاحبہ، تیلی پورہ بالا چھتہ بل سرینگر 16۔ محترمہ اسماء نذیر زرگر صاحبہ، چھانہ محلہ چھتہ بل سرینگر 17۔ محترمہ ریحانہ امتیاز صاحبہ، میدان پورہ سرینگر 18۔ محترمہ فاطمہ میر صاحبہ، بٹوارہ بنڈ سرینگر 19۔ محترمہ طیبہ اشرف چنگہ صاحبہ، دریش کدل سرینگر 20۔ اہلیہ شوکت احمد وانی صاحب، باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر 21۔ محترمہ ساجدہ خلیل لون صاحبہ، بڈون گریز ڈسٹرکٹ بانڈی پورہ 22۔ محترمہ سہلہ مجید ملہ صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 23۔ محترمہ روشن آرا خان صاحبہ، ہیڈ ماسٹر ہائی سکول بالہامہ سرینگر 24۔ محترمہ رابعہ سحرش صاحبہ، جموں 25۔ محترمہ سُبینہ بشیر وانی صاحبہ، ہانجی ویرہ پٹن کشمیر 26۔ محترمہ ماریہ یوسف زرو صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 27۔ محترمہ فرحانہ فاروق صاحبہ، کاک سرائے کرن نگر سرینگر 28۔ محترمہ فاطمہ مظفر بیگ صاحبہ، کرن نگر سرینگر 29۔ محترمہ نادیہ حبیب شیخ صاحبہ، قطب الدین پورہ عالی کدل سرینگر 30۔ محترمہ بریرہ قیوم صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 31۔ محترمہ اِفلاء رشید کلو صاحبہ، مدینہ کالونی برزہ باغ اِلٰہی باغ سرینگر 32۔ محترمہ رفعت وحید صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 33۔ محترمہ سمیہ صوفی صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 34۔ محترمہ جُویریہ جان صاحبہ، بٹوارہ بنڈ سرینگر۔

مضمون نویسی کے اس مقابلے میں پہلی پانچ پوزیشن حاصل کرنے والی صاحبات کو اِدارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی انتظامیہ کی طرف سے مبارک بادیاں پیش کی جاتی ہیں۔ مقابلے میں شرکت کرنے والی باقی لڑکیوں اور خواتین کی حوصلہ افزائی کے لئے مرحبا کیا جاتا ہے۔ اکثر مضمون نگار خواتین نے اپنے مضامین میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر و ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر صاحب اور اینکر جناب رشید نظامی صاحب کا بھی بہت بہت شکریہ ادا کیا ہے۔

اِنعامات کی تقسیم: خواتین کی دینی مجلس میں، جو 28، اپریل اتوار 2013ء کو دن کے دو بجے منعقد کی جارہی ہے، اِن شاء اللہ تعالیٰ۔ یہ مجلس اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالا چھتہ بل سرینگر میں منعقد ہونے کو جارہی ہے، مضمون نویسی کے اس مقابلے میں پوزیشن حاصل کرنے والی صاحبات اور باقی مضمون لکھنے والی صاحبات کو خواتین کی اس دینی مجلس میں شرکت کرنے کی دی جاتی ہے۔ جہاں پر ان کو انعامات سے نوازا جائے گا، اِن شاء اللہ تعالیٰ۔

جاری کردہ: محمد عمران اور منظور احمد

دفتر اِنچارج: ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کشمیر۔ فون نمبر: 9419439786

(Greater Kashmir 18/April/2013)

## KASHMIR READER 19 APRIL 2013

### ہمسفر ریڈیو پروگرام

# مضمون نویسی کا مقابلہ: نتائج کا اعلان

## (RESULT)

شادی بیاہ میں جہیز کا مطالبہ (Dowry Demand) جیسے غیر شرعی اور غیر قانونی کام کے بارے میں جو گفتگو ہمسفر ریڈیو پروگرام کے شمارے میں 29 مارچ جمعۃ المبارک 2013ء کو جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ریڈیو کشمیر سرینگر پر صبح کے 8:30 بجے فرمائی، اس پر وادی کشمیر کی لڑکیوں اور خواتین کو مضمون (Essay) لکھنے کی دعوت دی گئی تھی۔ اس سلسلے میں ادارے کو چونتیس (34) مضامین موصول ہوئے، ان کے نتائج (Result) کی تفصیل مندرجہ ذیل شائع کی جاتی ہے:

1۔ محترمہ عارفت ناز صاحبہ ........ پہلی پوزیشن (First position)
اہلیہ: جناب ارشد الاسلام صاحب۔ سکونت: گلشن نگر بائی پاس سرینگر

2۔ محترمہ فاطمہ یوسف بارو صاحبہ ........ دوسری پوزیشن (Second position)
سکونت: باغ سندر بالاچھتہ بل سرینگر

3۔ محترمہ عصمت ایوب پرے صاحبہ ........ تیسری پوزیشن (Third position)
سکونت: باری پاریگام ترال پلوامہ کشمیر

4۔ محترمہ سمیہ ایوب لون صاحبہ ........ چوتھی پوزیشن (Fourth position)
سکونت: نعلبند پورہ صفا کدل سرینگر

5۔ محترمہ حمیراء جمیلہ صاحبہ ........ پانچویں پوزیشن (Fifth position)
سکونت: سرینگر

6۔ محترمہ اَمۃُ السمیع میر صاحبہ، عیدگاہ سرینگر 7۔ محترمہ ریحانہ جمیلہ صاحبہ، اسلام یارہ بل مجاہد منزل سرینگر 8۔ محترمہ بسمارشید پرے صاحبہ، گرین ہاؤس کالونی لاوے پورہ سرینگر 9۔ محترمہ رفیقہ عزیز صاحبہ، داناواری چھتہ بل سرینگر 10۔ محترمہ اُمامہ فاروق نجار صاحبہ، دریش کدل صفا کدل سرینگر 11۔ محترمہ عشرت بشیر کھنڈو صاحبہ، شیخ العالم کالونی کاوڈارہ سرینگر 12۔ محترمہ شاذیہ شفیع صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 13۔ محترمہ عفیفہ خان صاحبہ، محترمہ آمنہ بشیر صاحبہ، محترمہ شائستہ خان صاحبہ، محترمہ حمیراء جان صاحبہ اور محترمہ میسرا خان صاحبہ، پرے محلّہ لاوے پورہ سرینگر 14۔ محترمہ میمونہ اختر صاحبہ، زوجہ: عبدالحمید شگن، سکھ باغ لال بازار سرینگر 15۔ محترمہ اُم ایمن نذیر صاحبہ، تیلی پورہ بالاچھتہ بل سرینگر 16۔ محترمہ اسماء نذیر زرگر صاحبہ، چھانہ محلّہ چھتہ بل سرینگر 17۔ محترمہ ریحانہ امتیاز صاحبہ، میدان پورہ سرینگر 18۔ محترمہ فاطمہ میر صاحبہ، بٹوارہ بنڈ سرینگر 19۔ محترمہ طیبہ اشرف چنگہ صاحبہ، دریش کدل سرینگر 20۔ اہلیہ شوکت احمد وانی صاحب، باغ سندر بالاچھتہ بل سرینگر 21۔ محترمہ ساجدہ خلیل لون صاحبہ، بڈون گریز ڈسٹرکٹ بانڈی پورہ 22۔ محترمہ سہلہ مجید ملہ صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 23۔ محترمہ روشن آرا خان صاحبہ، ہیڈ ماسٹر ہائی سکول بالہامہ سرینگر 24۔ محترمہ رابعہ سحرش صاحبہ، جموں 25۔ محترمہ سُبینہ بشیر وانی صاحبہ، ہانجی ویرہ پٹن کشمیر 26۔ محترمہ ماریہ یوسف زرو صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 27۔ محترمہ فرحانہ فاروق صاحبہ، کاک سرائے کرن نگر سرینگر 28۔ محترمہ فاطمہ مظفر بیگ صاحبہ، کرن نگر سرینگر 29۔ محترمہ نادیہ حبیب شیخ صاحبہ، قطب الدین پورہ عالی کدل سرینگر 30۔ محترمہ بریرہ قیوم صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 31۔ محترمہ اِفلاء رشید کلو صاحبہ، مدینہ کالونی برزہ باغ الٰہی باغ سرینگر 32۔ محترمہ رفعت وحید صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 33۔ محترمہ سمیہ صوفی صاحبہ، چھتہ بل سرینگر 34۔ محترمہ جُویریہ جان صاحبہ، بٹوارہ بنڈ سرینگر۔

مضمون نویسی کے اس مقابلے میں پہلی پانچ پوزیشن حاصل کرنے والی صاحبات کو اِدارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کی انتظامیہ کی طرف سے مبارک بادیاں پیش کی جاتی ہیں۔ مقابلے میں شرکت کرنے والی باقی لڑکیوں اور خواتین کی حوصلہ افزائی کے لئے مرحبا کیا جاتا ہے۔ اکثر مضمون نگار خواتین نے اپنے مضامین میں ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر و ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب اور اینکر جناب رشید نظامی صاحب کا بھی بہت بہت شکریہ ادا کیا ہے۔

اِنعامات کی تقسیم: خواتین کی دینی مجلس میں، جو 28، اپریل اتوار 2013ء کو دن کے دو بجے منعقد کی جارہی ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ یہ مجلس اسلامک دعوت سینٹر واقع باغ سندر بالاچھتہ بل سرینگر میں منعقد ہونے کو جارہی ہے، مضمون نویسی کے اس مقابلے میں پوزیشن حاصل کرنے والی صاحبات اور باقی مضمون لکھنے والی صاحبات کو خواتین کی اس دینی مجلس میں شرکت کرنے کی دی جاتی ہے۔ جہاں پر ان کو انعامات سے نوازا جائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

جاری کردہ: محمد عمران اور منظور احمد

دفتر انچارج: ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کشمیر۔ فون نمبر 9419439786

( Kashmir Reader )
19/April/2013

KASHMIR UZMA 22 APRIL 2013

# کشمیر میں ہمسفر میریج سیل جیسا اِصلاحی ادارہ قائم کرنے پر مبارک باد

## نئی دہلی میں اسی نوعیت کا اِصلاحی ادارہ قائم کرنے کی اَشد ضرورت: عبدالحفیظ عباسی

جس طرح ریاست جموں وکشمیر کے مسلمانوں کو اپنی اولاد کی شادیاں انجام دینے میں بُری رسومات، فضول خرچی اور جہیز کا لین دین جیسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اسی طرح بلکہ اس سے بڑھ کر ہندوستان کے باقی ریاستوں کے مسلمانوں کو شادی انجام دینے میں کئی مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہاں شادی انجام دینا بہت بھاری اور مہنگا ہو گیا ہے۔ جس کی وجہ سے ہندوستان میں خودکشیاں، اغوا کاریاں اور فسادات بڑی تعداد میں رونما ہو رہے ہیں۔

کشمیر آ کر یہ معلوم ہونے پر بڑی مسرت ہوئی کہ سرینگر میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی سربراہی میں ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کا ک سرائے نام کا ایک ایساز بردست اصلاح معاشرہ کے لئے ادارہ قائم کیا گیا ہے، جس کے اصلاحی پروگرام کے تحت بڑی تعداد میں نکاح اور شادیاں اسلامی شریعت کے مطابق اور نہایت ہی سادہ طریقہ پر انجام دی جا رہی ہیں۔ مزید یہ بھی معلوم ہوا کہ آنجناب نے معاشرے کا اخلاقی معیار کو بلند کرنے کے لئے اور سماج میں بہتری لانے کے لئے ایک ریڈیو پروگرام بھی شروع کیا ہے، جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر و ڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔ اس پروگرام کی وساطت سے محترم فیاض احمد زرو صاحب علمی، اصلاحی اور اَخلاقی باتیں گھر گھر تک پہنچا رہے ہیں۔

بیشک محترم فیاض احمد زرو صاحب کا یہ شاندار کام قابل داد، قابل تعریف اور قابل ستائش ہے۔ سلام ہو جناب فیاض احمد زرو صاحب پر۔ واقعی آنجناب اِنعام کے مستحق ہیں۔ کیوں کہ آنجناب کشمیریوں کے ساتھ ساتھ پورے ملک کے مسلمانوں کے ہمدرد، خیر خواہ اور پوری قوم کے لئے ایک مُصلح Reformer بن گئے ہیں۔ حضرت اللہ جل شانہ آنجناب کو شرف قبولیت سے نواز کر عمر میں برکت عطا فرمائے آمین۔

راقم الحروف گزارش کرتا ہے، کہ ہمسفر میریج کونسلنگ سیل جیسے اصلاحی ادارے کی نئی دہلی میں قائم کرنے کی اَشد ضرورت ہے۔ اس لئے وہاں کے علمائے دین اور سماج کے دیگر ذی شعور افراد تک یہ بات پہنچانے کی کوشش کریں گے، کہ اس نوعیت کا ادارہ ہندوستان کی ہر ریاست میں اور خاص کر نئی دہلی میں قائم کیا جائے، جس کے لئے آں محترم کی کافی ضرورت ہے۔ باقی والسلام۔

Kashmir Uzma
22 / APRIL / 2013

عبدالحفیظ عباسی ولد عبدالحکیم عباسی

عثمان پور دہلی۔ ۵۳ (بذریعہ: محمد امین نجار، سوشل ورکر: فون نمبر: 919906407924+)

# GREATER KASHMIR 22 APRIL 2013

# کشمیر میں ہمسفر میرج سیل جیسا اِصلاحی ادارہ قائم کرنے پر مبارک باد

## نئی دہلی میں اسی نوعیت کا اِصلاحی ادارہ قائم کرنے کی اَشد ضرورت: عبدالحفیظ عباسی

جس طرح ریاست جموں وکشمیر کے مسلمانوں کو اپنی اولاد کی شادیاں انجام دینے میں بُری رسومات، فضول خرچی اور جہیز کا لین دین جیسی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اسی طرح بلکہ اس سے بڑھ کر ہندوستان کے باقی ریاستوں کے مسلمانوں کو شادی انجام دینے میں کئی مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہاں شادی انجام دینا بہت بھاری اور مہنگا ہوگیا ہے۔ جس کی وجہ سے ہندوستان میں خودکشیاں، اغواکاریاں اور فسادات بڑی تعداد میں رونما ہورہے ہیں۔

کشمیر آکر یہ خیر کی بات معلوم ہونے پر بڑی مسرت ہوئی کہ سرینگر میں جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی سربراہی میں ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے نام کا ایک ایساز بردست اصلاح معاشرہ کے لئے ادارہ قائم کیا گیا ہے، جس کے اصلاحی پروگرام کے تحت بڑی تعداد میں نکاح اور شادیاں اسلامی شریعت کے مطابق اور نہایت ہی سادہ طریقہ پر انجام دی جارہی ہیں۔ مزید یہ بھی معلوم ہوا کہ آنجناب نے معاشرے کا اخلاقی معیار کو بلند کرنے کے لئے اور سماج میں بہتری لانے کے لئے ایک ریڈیو پروگرام بھی شروع کیا ہے، جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے نشر ہوتا ہے، جس کے پرڈیوسر وڈائریکٹر جناب سلیم اعجاز کپر اصاحب ہیں۔ اس پروگرام کی وساطت سے محترم فیاض احمد زرو صاحب علمی، اصلاحی اور اَخلاقی باتیں گھر گھر تک پہنچا رہے ہیں۔

بیشک محترم فیاض احمد زرو صاحب کا یہ شاندار کام قابل داد، قابل تعریف اور قابل ستائش ہے۔ سلام ہو جناب فیاض احمد زرو صاحب پر۔ واقعی آنجناب اِنعام کے مستحق ہیں۔ کیوں کہ آنجناب کشمیریوں کے ساتھ ساتھ پورے ملک کے مسلمانوں کے ہمدرد، خیر خواہ اور پوری قوم کے لئے ایک مُصلح Reformer بن گئے ہیں۔ حضرت اللہ جل شانہ آنجناب کو شرف قبولیت سے نواز کر عمر میں برکت عطا فرمائے آمین۔

راقم الحروف گزارش کرتا ہے، کہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل جیسے اصلاحی ادارے کی نئی دہلی میں قائم کرنے کی اَشد ضرورت ہے۔ اس لئے وہاں کے علمائے دین اور سماج کے دیگر ذی شعور افراد تک یہ بات پہنچانے کی کوشش کریں گے، کہ اس نوعیت کا ادارہ ہندوستان کی ہر ریاست میں اور خاص کر نئی دہلی میں قائم کیا جائے، جس کے لئے آں محترم کی کافی ضرورت ہے۔ باقی والسلام۔


عبدالحفیظ عباسی ولد عبدالحکیم عباسی

عثمان پور دہلی۔۵۳ (بذریعہ: محمد امین نجار، سوشل ورکر: فون نمبر: +919906407924)


(Greater Kashmir)
22/APRIL/2013

# GREATER KASHMIR 22 APRIL 2013

ہمسفر ریڈیو پروگرام

# مضمون نویسی کا مقابلہ

# (Essay Competition)

## موضوع: خود کشی کرنا گناہ کبیرہ ہے

## Topic: Commiting suicide is a major sin

خودکشی کرنا جیسے حرام اور ناجائز فعل کے بارے میں جو گفتگو ہمسفر ریڈیو پروگرام کے شمارے میں 19، اپریل جمعۃ المبارک 2013ء کو جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب دامت برکاتہم نے ریڈیو کشمیر سرینگر پر صبح کے 8:30 بجے فرمائی، اس پر وادی کشمیر کی لڑکیوں اور خواتین کو مضمون (Essay) لکھنے کی دعوت دی جاتی ہے۔ مضمون میں یا تو وہی کلام اور باتیں لکھیں، جو ریڈیو پروگرام میں بیان ہوئی ہیں، یا اس کا خلاصہ لکھیں، یا پروگرام میں بیان ہوئی باتوں کو لکھنے کے ساتھ ساتھ مضمون میں اپنی طرف سے مزید وضاحت اور تاثرات لکھیں۔

اپنا مضمون کشمیری میں یا اُردو میں یا عربی مین اور یا انگریزی زبان میں لکھیں۔ فقط انگریزی زبان میں تیار کیا گیا مضمون ٹائپ یا کمپیوٹر پر لکھا ہوا ہونا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ مضمون کے شروع میں یا مضمون کے آخر پر اپنا پورا نام اور پورا پتہ لکھیں۔ مضمون نویسی کے اس مقابلے میں پہلے تین درجوں پر آنے والی مضامین کی مؤلفات (Authors) کو انعامات سے نوازا جائے گا، اور باقی مضامین کی مؤلفات کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ مضمون کی وصولی (Receive) 30، اپریل منگل وار 2013ء سہ پہر ساڑھے چار بجے تک ہوگی۔ اپنا مضمون ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کے دفتر واقع کاک سرائے سرینگر پر جمع کرائیں۔ مضمون جمع کرانے کا وقت صبح کے 10:00 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک، پھر دن کے 2:00 بجے سے سہ پہر 4:30 بجے تک مقرر کیا گیا ہے۔ ہمسفر کے دفتر کو ہفتہ میں فقط جمعہ کے دن چھٹی ہوتی ہے۔

جاری کردہ: انچارج دفتر: محمد عمران اور منظور احمد

ہمسفر میرج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر۔ فون نمبر: 9419439786

(Greater Kashmir
22/APRIL/2013)

**GREATER KASHMIR 23 APRIL 2013**

# THANK YOU HUMSAFAR RADIO PROGRAM

## The horrors of committing suicide were presented logically

The distinguished scholar-cum-renowned reformer of the Kashmir valley, **Hazrat Fayaz Ahmad Zarroo Sahib**, presented the horrors of committing suicide clearly and logically in the most popular weekly radio program, ***Humsafar,*** that was broadcast on Radio Kashmir Srinagar on 19 April Friday 2013 at 8:30 P.M. We are so thankful to Hazrat Fayaz Ahmad Zarroo Sahib for delivering such beneficial discourses on the radio which are proving invaluable for the whole society.

This radio program also boosts the morale of the people to lead a dignified life during a hard time while keeping themselves away from the major problems and evils. We would like to thank the producer of **Humsafar radio program,** Mr. Saleem Aijaz Kapra, to the anchor of this program, Mr. Rashid Nizami and to the director of Radio Kashmir Srinagar for broadcasting Humsafar like program which acts as a deterrent to transgressing the ethical limits of the social life.

Greater Kashmir (23/April/2013)

*From:*

**Rabia Shah, Salma Khan, Safoora Jan, Maryam Yoosuf & Aaisha Rashid**
**Students of Govt. Degree College for Women Anantnag Kashmir**
**Through: Muhammad Amin Najjar (Social Worker)**
**Mobile Phone No: 9906407924**

# GREATER KASHMIR 24 APRIL 2013

## ریڈیو کشمیر سرینگر کے اعلیٰ حکام توجہ فرمائیں

### ہمسفر پروگرام کے وقت میں کمی کرنے سے ہماری دل آزاری ہوئی

### اس فیصلے پر نظر ثانی کرنے کی اپیل

لوگوں میں مقبول عام اور ہر دلعزیز ریڈیو پروگرام ہمسفر میرج کونسلنگ سیل (Humsafar) جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے 8:30 بجے براڈ کاسٹ ہوتا ہے، اس کے وقت میں اپریل 2013ء سے پانچ منٹ کی کمی کی گئی ہے۔ ہمسفر ریڈیو پروگرام کی اِفادیت اور اہمیت سے صرف وہی شخص انکاری ہوسکتا ہے جس کے دل میں ہٹ دھرمی اور عناد ہوگا۔ ورنہ جس پروگرام نے گھر گھر میں ایک اچھی اور بہترین تبدیلی لائی ہے، اور لگاتار مرد حضرات میں بھی، خواتین میں بھی اور نوجوانوں میں بھی یہ پروگرام شاندار تبدیلی لا رہا ہے۔ جس کی وجہ سے اس پروگرام نے سماج کے ہر فرد کو اپنا عاشق اور شیدائی بنا دیا ہے۔ اس کے وقت میں کمی کرنے کو کیسے برداشت کیا جاسکتا ہے۔

چاہئے تو یہ تھا کہ سماج کی بہتری کے لئے ہمسفر جیسے بہت ہی مفید پروگرام کا وقت برقرار رکھ کر اس کو ہفتہ میں ایک دن کے بجائے دو دن براڈ کاسٹ کیا جاتا۔ مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کا وقت ہی کم کردیا گیا جس سے ہماری بہت دل آزاری ہوئی ہے۔

ہم ریڈیو کشمیر سرینگر کے اعلیٰ حکام سے ہمسفر پروگرام کے وقت میں کٹوتی کے فیصلے پر نظر ثانی کی اپیل کرتے ہیں۔ اور ہم امید کرتے ہیں کہ آئندہ ہماری دل آزاری نہیں کی جائے گی۔

**منجانب: آمنہ بشیر، شائستہ خان، سمیہ ایوب اور فاطمہ یوسف**

**لاوے پورہ سرینگر۔ فون نمبر:** 9419760620

**GREATER KASHMIR 25 APRIL 2013**

# Soul-furbishing Nikah Majlis of Humsafar Marriage Cell

It was very fortunate that we were able to attend a soul-furbishing Nikah Majlis at Islamic Da'wah Centre (IDC) Srinagar on 21 June Friday 2013. Before performing the Nikah of Dr. Tauseef Sahib and Dr. Nadima Jee, the honourable director of Humsafar Marriage counselling Cell Srinagar, respected Fayaz Ahmad Zarroo Sahib, addressed us with soft words and made a thought-provoking speech. He depicted the heart-rending lives of such young people of our society who are not able to marry because of cumbersome customs in vogue and demand of huge amount for pomp and show.

Respected director IDC appealed to the doctors and other professionals, who were present in this blessed soul-furbishing Nikah Majlis, to spread the message of Simple and Sunnah marriage and try to persuade relatives, friends and colleagues to support this noble cause. Now we have made a vow that we will never attend any extravagant and trendy marriage ceremony and we have now started persuading our relatives and friends to adopt the Simple and Sunnah manner in Nikah and marriages.

We also appeal to all such persons of the Muslim community of the Kashmir valley, who have not started yet listening of the weekly radio program Humsafar, produced & directed by Mr. Saleem Aijaz Kapra, to listen it every Friday at 8:30 a.m on the primary channel of Radio Kashmir Srinagar without missing its any episode as this reformative radio broadcast would make their lives, especially the lives of the spouses, pleasant and much better.

***From:***

**Dr. Nisar Ahmad Shah, Dr. Ashiq Khan and other friends and colleagues SKIMS Srinagar.**

( Greater Kashmir
25/June/2013 )

# KASHMIR UZMA 29 APRIL 2013

Kashmir Uzma (29/April/2013)

# سماجی بدعت سے بیزاری

# مرحبا صد آفرین

15 اپریل 2013ء کو روزنامہ ''کشمیر عظمیٰ'' کے صفحہ نمبر 6 پر ایک قابل تحسین اور قابل مبارک باد مراسلہ بعنوان: ''اصلاح معاشرہ کی جانب سے ایک مبارک قدم'' منجانب جناب مظفر خادم صاحب شائع ہوا ہے۔ اس کو پڑھ کر بہت مسرت ہوئی۔ اس کا خلاصہ یہ تھا کہ نسیم باغ سرینگر کے کئی حضرات نے شادی بیاہ میں دلہن کو رخصت کرانے کے موقع پر دولہا کے ساتھ بارات لے جانا اور بطور باراتی اس میں شرکت ہونے جیسی ظالمانہ رسم میں اپنی بیزاری اور باز آنے کا اعلان کیا ہوا ہے۔ واقعی یہ قدم معاشرے کی بہتری کے لئے اور غیر شادی شدہ لڑکیوں کے والدین کے لئے ایک بہت ہی مفید اور راحت پہنچانے والا اقدام ہے۔ ایسے مبارک قدم سے معاشرے میں انصاف پروری اور ہمدردی جیسے اعلیٰ اوصاف واخلاق کی ترویج ہوگی اور ساتھ ہی باقی لوگوں کو بھی اس طرح کے اصلاحی اقدامات کی ترغیب ملے گی (انشاء اللہ تعالیٰ)۔ ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر کی طرف سے ایسے تمام حضرات جنہوں نے اس مراسلے کے ذریعے شادی بیاہ کے مواقع پر دولہا کے ساتھ بارات لے جانے اور شادی میں بطور باراتی شرکت کرنے سے پرہیز کا دل خوش کن اعلان کیا ان کو فرداً فرداً بہت بہت مرحبا اور مبارکباد پیش کرتی ہے۔ دعا ہے کہ رب العالمین باقی لوگوں کو بھی شادی بیاہ کی بُرے رواجات اور ظالمانہ رسومات سے باز آنے کی توفیق دے کر اس نیک کام پر تاحیات قائم ودائم رہنے اور دوسروں کے واسطے مثال بننے کی بھی ہمت عطا فرمائے۔ (آمین)

مولوی محمد عمران میر تلگامی، منظور احمد ہارو

ہمسفر میریج کونسلنگ سیل کاک سرائے سرینگر

فون: 9469111002, 9419439786

**GREATER KASHMIR 29 APRIL 2013**

# سماج کے کئی طبقوں کو بہت سارے فائدے پہنچ رہے ہیں

## ایڈیٹروں اور جرنلسٹوں کو بھی ہمسفر ریڈیو پروگرام سے نفع ہوا

آج کل کے بگڑے ہوئے معاشرے کی اصلاح Reform کرنے کی غرض سے ادارہ ہمسفر میرج کونسلنگ سیل سرینگر کا Popular ریڈیو پروگرام ہمسفر Humsafar جو ہر جمعہ کو ریڈیو کشمیر سرینگر سے صبح کے ساڑھے آٹھ بجے 8:30 A.M. نشر ہوتا ہے، اس سے سماج کے کئی طبقوں کو قسم قسم کے فائدے یقیناً ہو رہے ہیں، ان فائدوں کو دیکھ کر ضمیر نے یہ آواز دی، کہ اس فائدے مند پروگرام کے شکرانے Express our gratitude میں روزنامہ *Greater Kashmir* کی وساطت سے اس پروگرام کے روحِ رواں اور ہماری وادی کے مشہور Islamic Scholar جناب محترم فیاض احمد زرو صاحب کی خدمت میں ہدیہ تشکر پیش کروں۔

مورخہ 26، اپریل جمعہ 2013ء کو ہمسفر ریڈیو پروگرام کے تازہ شمارے میں زبان تیز استعمال کرنے کے جو نقصانات بیان ہوئے، اس میں ایسی خبر News بولنے اور لکھنے کی ممانعت بھی سمجھا دی گئی، جو کسی حادثے میں شدید زخمی ہونے والے کے بارے میں اس وقت دی جاتی ہے، جب وہ چند دن زیر علاج رہ کر اس دنیا سے انتقال کر جاتا ہے۔ یہ پروگرام سن کر ہمارے کئی ایڈیٹروں اور جرنلسٹوں نے اس طرح کی خبر News لکھنے سے اور بولنے سے اب پرہیز کرنا شروع کر دیا۔ یعنی وہ زندگی کی جنگ ہار گیا۔ ہم محترم فیاض احمد زرو صاحب کا بہت بہت شکریہ ادا کرتے ہیں، کہ ان کے سبق آموز کلام سے سامعین کو خوب نفع ہوتا ہے، اور بہت ساری خرابیوں کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ ہمسفر ریڈیو پروگرام کے پرڈیوسر جناب سلیم اعجاز کپرا صاحب بھی مبارک بادی کے مستحق ہیں کہ ان کی پروڈکشن میں تیار ہونے والا یہ پروگرام سماج کی اصلاح کے لئے بہت زیادہ فائدہ مند ثابت ہوا ہے، اور ہو رہا ہے۔ خدائے پاک ان دونوں حضرات کو دین و دنیا کی ترقیات سے نوازے۔ آمین۔

منجانب: مؤمن احمد ڈار (Momin Ahmad Dar)

ولد: فاروق احمد ڈار۔ سکونت: راجباغ سرینگر۔ فون نمبر: 9906746993

(Greater Kashmir 29/APRIL/2013)